http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہر نامہ"
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ
اسلام آباد
ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 07 | بدھ 4 نومبر 2026ء 24 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 59
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

ایئر بلیو کا بڑا فیصلہ 300 ملازمین فارغ

ملازمین کی برطرفی موجودہ خطے کی غیر یقینی صورت حال اور ایوی ایشن انڈسٹری کو درپیش چیلنجز کے پیش نظر کیا گیا ہے، انتظامیہ کا موقف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نجی ایئر لائن ایئر بلیو نے انجینئرنگ شعبے کے 69 ملازمین سمیت اچانک 300 سے زائد ملازمین کو فارغ کر دیے۔ ایئر بلیو نے ملازمین کو ای میل کے ذریعے برطرفی کی اطلاع دے دی ہے اور صرف انجینئرنگ کے شعبے سے 69 ملازمین فارغ کیے گئے ہیں، برطرف ملازمین کا تعلق شعبہ انجینئرنگ، پسنجر ہینڈلنگ، ایئر سائیڈ سمیت دیگر شعبہ جات سے ہے، ایئر لائن کی جانب سے بھیجی گئی ای میل کے مطابق ملازمین کے ساتھ ملازمت کا تعلق 2 نومبر 2026 کو ختم کر دیا گیا اور تمام برطرف ملازمین کو ایئر بلیو سروس کارڈ، ایئر پورٹ پاسز اچ آر میں جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایئر بلو انتظامیہ نے شعبہ ایچ آر کو ملازمین کے واجبات ادائیگی کی ہدایت کر دی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)


اسلام آباد، وزیر اطلاعات عطا تارڑ اور وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پی ٹی آئی رہنما عاطف خان کی بھتیجی کی شادی میں جنرل (ر) قمر باجوہ کی شرکت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے رکنِ اسمبلی عاطف خان کی بھتیجی کی شادی میں جنرل (ر) قمر باجوہ نے شرکت کی جب کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کے ساتھ سابق آرمی چیف کی ملاقات کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔ رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

شہباز شریف کی ذہانت کا لیول نیوٹن کے قریب ہے، حذیفہ رحمان

وزیر اعظم تیزی سے فیصلے کرنے اور حالات کو جانچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں



اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے وزیر اعظم شہباز شریف کی انتظامی صلاحیتوں اور ذہانت کا موازنہ نامور سائنسدان آئزک نیوٹن سے کرتے ہوئے دونوں کی ذہانت کے لیول کو یکساں قرار دے دیا۔ ایک انٹرویو میں حذیفہ رحمان نے ہلکے پھلکے انداز میں وفاقی کابینہ کے اراکین کی کارکردگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر شہباز شریف کا بس چلے تو موجودہ 55 رکنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پاکستان کا مقامی سطح پر تیار کردہ پہلے ایئر ٹو ایئر فاز کا کامیاب تجربہ

فاذ میزائل طویل فاصلے تک دشمن کے اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے، آئی ایس پی آر

صدر مملکت، وزیر اعظم، فیلڈ مارشل اور سروسز چیفس نے میزائل کی تیاری میں شامل سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے پہلے مقامی ساختہ فضا سے فضا میں مار کرنے والے فاذ میزائل کا کامیاب تجربہ کر لیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فاذ میزائل ملک میں تیار کیا گیا ہے جو جدید ٹرمینل گائیڈنس سسٹم سے لیس ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فاذ میزائل طویل فاصلے تک دشمن کے اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ یہ میزائل قومی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)


اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے لیاقت بلوچ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی وزیر کے کرپشن الزامات ثبوت دو ورنہ عدالت گھسیٹوں گی

مریم نواز اللہ غرور سے بچائے چوہدری سالک

ثبوت موجود ہیں تو سامنے لائیں حکومت اتنی کرپٹ ہے تو وزیر بن کر کیوں بیٹھے ہیں؟ تقریب سے خطاب، وزیر اعلیٰ پنجاب نے وفاقی وزیر کو قانونی نوٹس بھیج دیا

بیان پر قائم ہوں، ڈپٹی کمشنر انٹرویو سے پہلے لگا ہوا تھا، ایک بندے نے سوال پوچھا اور میں نے دیانت داری سے جواب دیا، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حکومت پر کرپشن کے الزامات عائد کرنے پر وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کو قانونی نوٹس ارسال کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق وزیر اعلیٰ مریم نواز کی جانب سے چوہدری سالک حسین کو بھیجے گئے قانونی نوٹس کی کاپی مسلم لیگ ن آفیشل اکاؤنٹ سے شیئر کی گئی ہے۔ چوہدری سالک حسین کے ساتھ نجی ٹی وی کے میزبان نعیم اشرف بٹ اور چینل کے چیئرمین کو بھی قانونی نوٹس ارسال کیا گیا ہے۔ متن میں لکھا گیا ہے کہ انٹرویو میں پنجاب حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر اور پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رہنما چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ وہ پنجاب میں کرپشن کے حوالے سے اپنے بیان پر قائم ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کے دوران وفاقی وزیر نے کہا کہ اللہ تعالیٰ انسان کو غرور اور تکبر سے بچائے۔ صحافیوں نے ان سے سوال کیا کہ حکومت پنجاب پر کرپشن کے الزامات کے ثبوت پیش کریں گے، جس پر انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ ڈپٹی کمشنر کی تعیناتی ان کی مرضی سے نہ ہونے پر صوبائی حکومت پر الزامات عائد کرنے سے متعلق سوال پر وفاقی وزیر نے جواب دیا کہ انٹرویو 3 ہفتے پہلے کا ہے جبکہ ڈپٹی کمشنر پہلے سے لگا ہوا ہے۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ صوبوں سے متعلق توجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

ایل پی جی اور آر ایل این جی کے بحران میں اضافہ

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں ایل پی جی اور آر ایل این جی کے بحران میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ستمبر کے مقابلے اکتوبر میں ایل پی جی اور آر ایل این جی کا درآمدی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 17 دہشتگرد ہلاک، پاک فوج کا اہلکار شہید

دہشت گردوں کی شہر کی سڑک بلاک کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے دو اضلاع کچھی اور خاران میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے بھاری پراکسی فتنۃ الہندوستان سے منسلک 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کا ایک سپاہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

حکومت اور جماعت اسلامی کے مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل

امیر جماعت اسلامی حکومتی تجاویز کا جائزہ لے کر لائحہ عمل کا اعلان کریں گے

مطالبات منظور نہ ہوئے تو احتجاج کا مکمل حق رکھتے ہیں، قائمقام امیر جماعت

اسلام آباد (نمائندہ۔شہر نامہ) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہو گئے ہیں۔ دونوں فریقوں نے پٹرولیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

پیٹرول 5 روپے 45 پیسے ڈیزل 3 روپے 68 پیسے لیٹر سستا

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے جاری کیے گئے طریقہ کار کی بنیاد پر قیمتوں میں ردوبدل کر دیا گیا

پٹرول کی نئی فی لیٹر قیمت 369 روپے 6 پیسے، دہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 391 روپے 52 پیسے مقرر کر دی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کر دی اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے جاری کیے گئے طریقہ کار کی بنیاد پر قیمتوں میں ردوبدل کر دیا گیا ہے۔ حکومت نے پیٹرول فی لیٹر 5 روپے 45 پیسے سستا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

حکومت کی پی ٹی آئی سے انتخابی اصلاحات کمیٹی کا حصہ بننے کی درخواست

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے پی ٹی آئی سے انتخابی اصلاحات سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا حصہ بننے کی درخواست کر دی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر پارلیمانی امور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

مفتی محمود مرکز کیلئے فضل الرحمان سے لیبیا سے پیسے لیے، ثمر ہلور

مرکز کی بیرونی تعمیرات سرکاری اراضی پر تجاوزات کے زمرے میں آتی ہے

پشاور (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر اطلاعات ثمر ہارون ہلور نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان نے مفتی محمود مرکز کی تعمیر کیلئے لیبیا سے مبینہ فراڈ کے نام پر پیسے لئے۔ ایک بیان میں ثمر ہارون ہلور نے کہا کہ رنگ روڈ پر قائم مفتی محمود مرکز سے متعلق اہم دستاویزات منظر عام پر آئی ہیں کہ مفتی محمود مرکز کی تعمیر کے لئے مولانا فضل الرحمان نے لیبیا سے مبینہ فراڈ کے نام پر پیسے لئے، لیبیا کا پیسہ لگا لیکن جائیداد کی ملکیت مولانا فضل الرحمان کے نام پر سامنے آ رہی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ٹانک میں پولیو ورکرز کا اغوا افسوسناک ہے، گورنر کے پی

مغویوں کی بحفاظت بازیابی کیلئے فوری اور موثر اقدامات اٹھائے جائیں، فیصل کنڈی

پشاور (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ضلع ٹانک میں نامعلوم مسلح افراد کے ہاتھوں 4 پولیو ورکرز کے اغوا کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو ورکرز کا اغوا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ جاری بیان میں گورنر کے پی نے کہا کہ پولیو ورکرز بچوں کے محفوظ مستقبل اور صحت مند پاکستان کیلئے قومی فریضہ انجام دے رہے ہیں۔ پولیو ورکرز کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

سعودی وزیر دفاع کا امریکی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ

ملاقات میں دونوں ممالک کے دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر گفتگو

ریاض (صباح نیوز) سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ سے ٹیلی فونک گفتگو کی ہے۔ سعودی وزیر دفاع نے کہا کہ کشیدگی کم کرنے کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر یمن کے حوثیوں کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

مکہ مکرمہ کے علاقے میں ڈرون مار گرایا، سعودی اتحادی افواج

حملے کے ماخذ اور ہدف سے متعلق تفصیلات جاری نہیں کی گئیں، ترجمان کرنل ترکی المالکی

ریاض (صباح نیوز) سعودی عرب میں اتحادی افواج نے مکہ مکرمہ کے علاقے میں ایک ڈرون روک کر تباہ کر دیا۔ اتحادی افواج کے ترجمان کرنل ترکی المالکی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ڈرون کو روکنے اور تباہ کرنے کی تصدیق کی ہے، تاہم ڈرون کی سمت، اسے بھیجنے والے اور اس کے ممکنہ ہدف کے بارے میں کوئی تفصیلات فراہم نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

قائمہ کمیٹی مواصلات کا چیئرمین این ایچ اے کی کارکردگی پر اظہار برہمی

چیئرمین نے میرے ٹیلی فون کا جواب تک دینا بھی گوارا نہیں کیا، ایم این اے حمید حسین

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کے بعض اراکین نے چیئرمین این ایچ اے اور دیگر حکام کی کارکردگی اور رویے پر اظہار برہمی کیا، ایم این اے حمید حسین نے کہا کہ چیئرمین این ایچ اے اسد اللہ نے میرا ٹیلی فون تک اٹینڈ نہیں کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)


اسلام آباد وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ قازقستان کے نائب وزیر اعظم سے ملاقات کر رہے ہیں

ہمہند میں پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں پر فائرنگ ناقابل برداشت ہے، محسن نقوی

پولیو ورکرز کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار ملک کے صحت مند اور محفوظ مستقبل کے لیے اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا کے ضلع ہمہند میں انسدادِ پولیو ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعے کی پرزور مذمت کرتے ہوئے حملے میں شہید ہونے والے 2 پولیس اہلکاروں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکار کی جلد اور مکمل صحتیابی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)


اسلام آباد، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے سابق آرمی چیف قمر جاوید باجوہ ملاقات کر رہے ہیں

آسان ٹیکس اسکیم میں رجسٹرڈ نہ ہونیوالے دکانداروں کیخلاف کاروائی کا فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے آسان ٹیکس اسکیم میں رجسٹرڈ نہ ہونے والے دکانداروں کے خلاف کاروائی کا فیصلہ کر لیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کو بتایا کہ انفورسمنٹ کا طریقہ کار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

الیکشن کمیشن کا ایم کیو ایم پاکستان کو شوکاز نوٹس

اسلام آباد (آئی این پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے انٹرا پارٹی انتخابات نہ کرانے پر متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی ضمانت منظور

جج کی پولیس کو شوکاز نوٹس سے متعلق معاملہ بھی دیکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے روڈ بلاک کرنے اور پولیس سے لڑائی جھگڑے کے کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی ضمانت منظور کر لی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سیاسی تناؤ مزید نہیں بڑھنا چاہیے، بیرسٹر گوہر

مذاکرات سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ ہونے چاہئیں، میڈیا سے گفتگو

پشاور (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ یہ عجیب منطق ہے کہ وزیر اعلیٰ اور اسپیکر غائب ہیں، سیاسی تناؤ مزید نہیں بڑھنا چاہیے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)


اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے سعودی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

تقریب میں بھگدڑ کا مقدمہ، ٹک ٹاکر مسٹر پتلو کی حفاظتی ضمانت منظور

سیالکوٹ میں تقریب میں بھگدڑ سے دو افراد جاں بحق اور 17 افراد کے زخمی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیالکوٹ میں تقریب میں بھگدڑ سے دو افراد جاں بحق اور 17 افراد کے زخمی ہونے کے واقعے کے مقدمے میں ٹک ٹاکر مسٹر پتلو کی حفاظتی ضمانت منظور ہو گئی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پولیس کو مسٹر پتلو کو 10 نومبر تک گرفتاری سے روک دیا، عدالت مسٹر پتلو کو 10 نومبر تک متعلقہ عدالت میں پیش ہونے کا حکم دیدیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

فلائی جناح کے نئے طیارے کی فرانس میں پہلی کامیاب آزمائشی پرواز مکمل

کراچی (آئی این پی) فلائی جناح کے نئے ایئر بس 320 ساختہ طیارے نے فرانس کے شہر ٹولوز میں پہلی کامیاب آزمائشی پرواز مکمل کر لی۔ طیارے نے پہلی اڑان وقتی طور پر فرانسیسی رجسٹریشن کے ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

مسلم لیگ (ن) فیڈرل کیپیٹل تنظیم نو کا فیصلہ یوتھ فورم اور یوتھ ونگ کمیٹیاں تشکیل

وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری سے داؤد شیخ کی ملاقات، نوجوانوں کو متحرک کرنے بارے تبادلہ خیال

تنظیمی معاملات کو مزید بہتر بنانے اور کارکنوں کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنے کی اہمیت پر بھی زور

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) فیڈرل کیپیٹل کے سینئر نائب صدر داؤد شیخ نے وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری سے ملاقات کی، جس میں پارٹی کے تنظیمی امور، وفاقی دارالحکومت میں مسلم لیگ (ن) کی تنظیم نو اور جماعتی ڈھانچے کو مزید فعال و مضبوط بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو موثر بنانے، کارکنوں کو متحرک کرنے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)


اسلام آباد، وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری سے سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن فیڈرل لیبیٹل داؤد شیخ ملاقات کر رہے، رفعت جاوید بھی موجود ہیں

یوٹیوب ویڈیوز دیکھنے میں پاکستان سرفہرست ہے، چیئرمین پی ٹی اے

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی اے حفیظ الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان میں یوٹیوب پر روزانہ 560 ملین لوگ ویڈیوز دیکھتے ہیں اور دنیا میں یوٹیوب ویڈیوز دیکھنے میں پاکستان سرفہرست ہے۔ قومی اسمبلی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

مری، صاف پانی کی مفت فراہمی جاری، 13 لاکھ سے زائد افراد مستفید

23 لاکھ 24 ہزار 954 کی مجموعی مقدار میں پانی تقسیم، ڈی سی آغا ظہیر عباس

مری (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے احکامات کی روشنی میں واسا مری کی جانب سے "صاف پانی، گھر گھر" اسکیم کے تحت شہری و دیہی علاقوں میں صاف پانی کی مفت فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اگست 2026 میں شروع کیے گئے اس عوامی فلاحی منصوبے کے تحت 3 نومبر 2026 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اور نگزیب کھچی پی این سی اے میں آمد پر سری لنکا کے وفد کا استقبال کر رہے

باجوڑ میں آئی ای ڈی دھماکا، ایک شخص جاں بحق

ہمہند میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید، ایک زخمی

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے تازہ واقعات میں ضلع باجوڑ میں آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا جبکہ ہمہند میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید ہو گئے۔ پولیس کے مطابق باجوڑ کی تحصیل برنگ اسپل ترغاو میں آئی ای ڈی دھماکہ ہوا۔ دھماکے سے ایک شخص زخمی ہوا جسے اسپتال لیا گیا تاہم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دھماکے کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

تجارتی راستے تشکیل دینے کی ضرورت ہے، صدر اردوان

عالمی سطح پر تعاون اور متبادل تجارتی راہداریوں کی ترقی ناگزیر ہو چکی

انقرہ (آئی این پی) ترک صدر رجب طیب اردوان نے آبنائے ہرمز میں جاری کشیدگی کے تناظر میں عالمی تجارت کے تسلسل کو یقینی بنانے کیلئے متبادل تجارتی راستے تشکیل دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق صدر اردوان کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز کے تنازع نے عالمی تجارت اور توانائی کی ترسیل کو درپیش خطرات کو نمایاں کر دیا ہے، جس کے پیش نظر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

دھند کے باعث موٹروے ایم 3 لاہور سے جڑانوالہ تک بند

موٹرویز کی بندش عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہے، ترجمان موٹروے پولیس

لاہور (صباح نیوز) پنجاب کے میدانی علاقوں میں شدید دھند کے باعث موٹروے ایم تھری فیض پور سے جڑانوالہ تک ٹریفک کے لیے بند کر دی گئی ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹرویز کی بندش کا مقصد عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ موٹروے پولیس نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ دھند میں ڈرائیونگ انتہائی خطرناک ہے، اس لیے غیر ضروری سفر سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)


اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے ہمراہ گورنر سٹیٹ بینک اور ڈاکٹر عشرت حسین کا گروپ فوٹو

بیجیم میں سیاسی بحران شدت اختیار کر گیا

برسلز (آئی این پی) وفاقی بجٹ پر مخلوط اتحاد کی 5 جماعتوں کے درمیان مذاکرات ناکام ہو گئے، سیاسی بحران میں شدت کے باعث وزیر اعظم بارٹ ڈی ویور نے استعفیٰ دے دیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

سیکیورٹی نظام کو تبدیل کرنے کے خواہاں ہیں، سربراہ ایرانی فوج

ایران آبنائے ہرمز پر اپنی خود مختاری تسلیم کروانا چاہتا ہے، علی عبداللہی

تہران (آئی این پی) ایران کی مسلح افواج کے سربراہ علی عبداللہی نے کہا ہے کہ ایران امریکی سیکیورٹی نظام کو تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز پر اپنی خود مختاری تسلیم کروانا چاہتا ہے۔ علی عبداللہی کا کہنا ہے کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے لبنان اور غزہ سمیت تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ ضروری ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پاکستان سعودی عرب کا میڈیا، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستان، سعودی عرب تعلقات نئی بلندیوں کو چھو رہے ہیں، مکہ دفاعی معاہدہ دفاعی سے مضبوط شراکت داری کا عکاس، وزیر اطلاعات

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات کئی نسلوں پر محیط ہیں، تعلق محض سفارتی یا سیاسی نہیں عوامی سطح پر مضبوط بنیادیں رکھتا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اطلاعات، نشریات، میڈیا اور ثقافتی شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ سے پاکستان میں تعینات سعودی عرب کے سفیر راجح بن طامی العلمی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر اطلاعات نے سعودی سفیر کو پاکستان میں تعیناتی پر مبارکباد دی اور خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حماد اظہر کی ضمانت کی درخواست پر پولیس کو مقدمے کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم

لاہور (آئی این پی) انسداد دہشتگردی عدالت میں جناح ہاؤس حملہ اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کی ضمانت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج منظر علی گل نے کیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

یوکرین کا روس پر بمباری کا الزام، 26 افراد ہلاک

مقامی سکول، جسے امدادی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا

کیف (آئی این پی) یوکرین نے کہا ہے کہ روسی بمباری میں ایک امدادی سامان تقسیم کرنے والے مرکز کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں کم از کم 26 افراد ہلاک ہو گئے۔ یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلینسکی نے اس حملے کو انتہائی ہولناک قرار دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق علاقائی سربراہ میخائلو تیکیچکن کا کہنا ہے کہ جنوبی زاپوریژیا کے علاقے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

قومی ٹیم کا اصل ہدف عالمی کپ ہونا چاہیے!

پاکستان نے سہ ملکی ون ڈے سیریز کے سنسنی خیز فائنل میں سری لنکا کو تین وکٹوں سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی۔ یہ میچ قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلا گیا۔ پاکستان نے مطلوبہ ہدف 3.48 اوورز میں سات وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ سری لنکا نے ٹاس ہارنے کے بعد پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 325 رنز بنائے۔ قومی ٹیم نے فخر زمان کی 127 رنز کی شاندار سنچری، سعد بیگ کی عمدہ بیٹنگ اور عرفات منہاس کی جارحانہ اننگز کی بدولت کامیابی حاصل کی۔ آغاز میں وکٹیں جلد گریں تو پاکستانی ٹیم دباؤ کا شکار ہوگئی تاہم فخر زمان نے ذمہ دارانہ اور جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا، سعد بیگ کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالا اور تیسری وکٹ کی شراکت میں 149 رنز بنا کر پاکستان کی جیت کی بنیاد رکھ دی۔ فخر زمان کی وکٹ گرنے کے بعد مقابلہ دلچسپ مرحلے میں داخل ہوگیا، سری لنکن باؤلروں نے پاکستانی بیٹنگ پر دباؤ بڑھانے کی کوشش کی۔ اِس موقع پر عرفات منہاس نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے 61 رنز کی اہم اننگز کھیلی جبکہ حسن نواز نے ناقابلِ شکست 37 رنز بنا کر ٹیم کو فتح کے قریب پہنچا دیا۔ آخری لمحات میں شاہین شاہ آفریدی نے چھکا لگا کر قومی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا۔ سری لنکا کی طرف سے کامندو مینڈس نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 131 رنز بنائے جبکہ پاون رتھنائیکے نے 77 رنز بنا کر اُن کا بھرپور ساتھ دیا۔ پاکستان کی طرف سے شاہین شاہ آفریدی، نسیم شاہ، حارث رؤف اور سلمان علی آغا نے دو، دو وکٹیں حاصل کیں۔ فخر زمان کو میچ کا بہترین کھلاڑی اور عرفات منہاس کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ فائنل مقابلے کو دیکھنے کیلئے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر سمیت اہم شخصیات بھی قذافی سٹیڈیم میں موجود تھیں۔ صدرِ مملکت نے اپنے پیغام میں سہ ملکی ون ڈے کرکٹ سیریز جیتنے پر قومی کرکٹ ٹیم کے تمام کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی کھلاڑیوں کی بھرپور محنت اور مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ وزیراعظم نے چیئرمین پی سی بی کو سہ ملکی سیریز کے کامیاب انعقاد اور قومی ٹیم کی فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پی سی بی اور ٹیم مینجمنٹ کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ اُنہوں نے اِس اُمید کا اظہار کیا کہ قومی کرکٹ ٹیم مستقبل میں بھی اِسی جذبے، محنت اور ٹیم ورک کے ساتھ ملک کے لئے کامیابیاں حاصل کرتی رہے گی۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ پاکستانی قومی ٹیم نے 2008ء کے بعد پہلی مرتبہ سہ ملکی ون ڈے ٹورنامنٹ جیتا ہے، 2017ء میں چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے بعد پاکستان چھ بڑے کثیر ملکی ون ڈے ایونٹس میں ٹائٹل حاصل کرنے میں ناکام رہا جن میں دو ایشیاء کپ، دو عالمی کپ، ایک چیمپئنز ٹرافی اور 2025ء کی سہ ملکی سیریز شامل ہیں۔ اِن چھ ایونٹس میں قومی ٹیم کو مجموعی طور پر 17 میچوں میں شکست ہوئی۔ اِس عرصے میں پاکستان کی بین الاقوامی کرکٹ کارکردگی کا جائزہ صرف اِن ٹورنامنٹس تک محدود نہیں رکھا جا سکتا کیونکہ ٹیم نے ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سمیت درجنوں مقابلوں میں حصہ لیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق قومی ٹیم نے صرف 2025ء میں تینوں فارمیٹس کے 50 سے زائد بین الاقوامی میچ کھیلے جن میں کم و بیش 30 کامیابیاں حاصل کیں۔ ملک میں پاکستان سپر لیگ سے کرکٹ کی بحالی کا سفر شروع ہوا اور اب بین الاقوامی ٹیمیں مسلسل پاکستان آ رہی ہیں۔ سری لنکا اور برطانیہ کے ساتھ سہ ملکی سیریز اِس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ یہ فتح قومی کرکٹ ٹیم کے اعتماد کی بحالی میں موثر کردار ادا کر سکتی ہے لیکن مزید کامیابی کیلئے ٹیم کو کارکردگی میں تسلسل پیدا کرنا ہوگا۔ ورلڈ کپ 2027ء تک اسے اپنی خامیوں پر قابو پانے، کمبی نیشن مستحکم کرنے اور ون ڈے کرکٹ میں تسلسل پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ مڈل آرڈر کی مضبوطی، پاور پلے میں موثر بیٹنگ، آخری اوورز میں رنز کا دفاع، نئی اور پرانی گیند سے باؤلنگ، فیلڈنگ کے معیار کو بہتر بنانا ناگزیر ہے۔ سلیکشن میں تسلسل اور نوجوان کھلاڑیوں کو مناسب مواقع دینا بھی اہم ہے۔ قومی ٹیم کو آئندہ سیریز میں اپنے کمبی نیشن کے تجربات مکمل کر کے ایک ایسا متوازن سکواڈ تشکیل دینا ہوگا جو جنوبی افریقہ کی باؤنسی پچوں اور مختلف کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہو سکے بالخصوص اِسے آسٹریلیا اور بھارت سمیت دیگر مضبوط حریفوں کے خلاف مقابلے کے لئے کھلاڑیوں کی تکنیکی مہارت، ذہنی مضبوطی اور دباؤ میں فیصلے کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ قومی ٹیم کا اصل ہدف عالمی کپ میں بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے فائنلز تک پہنچنا اور فتح حاصل کرنا ہونا چاہئے۔

پاک، سعودیہ، ترکیہ اتحاد، امن، استحکام کی ضمانت

ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے کہا ہے کہ مکہ دفاعی معاہدہ ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کے حوالے سے اہم پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے اور خطے کی صورتحال پر دوررس اثرات مرتب کرسکتا ہے۔

ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے اپنے خصوصی انٹرویو میں اس امر کی دوٹوک الفاظ میں وضاحت کی ہے کہ بھارتی اور اسرائیلی ذرائع ابلاغ کی جانب سے چلائی جانے والی منفی مہم مکہ معاہدے کی سچائی، افادیت اور اس کی تزویراتی اہمیت کو کسی صورت کمزور نہیں کرسکتی۔

ان کا کہنا تھا کہ تینوں ممالک کے درمیان ہونے والا یہ معاہدہ ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔ ترک وزیر خارجہ نے اس معاملے پر بھارت اور اسرائیل کی جانب سے پھیلائی جانے والی مبینہ غلط معلومات کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے ہونے والا پروپیگنڈا معاہدے کی اہمیت کو کم نہیں کرسکتا



یہ بات درست ہے کہ بھارت اپنی مخالفت کی وجہ سے نئی صورتحال پر تنقید اور اعتراضات کا حق تو رکھتا ہے لیکن اس سیکورٹی اتحاد سے پیدا ہونے والی نئی حقیقتوں اور طاقت کی تبدیلی کو نظر انداز کرنا نئی دہلی کے لیے ممکن نہیں ہوگا۔ ترک وزیر خارجہ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اس اتحاد کے گہرے اور دوررس اثرات اچانک نہیں بلکہ وقت کے ساتھ ساتھ پوری دنیا کے سامنے آئیں گے۔ انھوں نے سعودی عرب کے تحفظ کو ترکیہ کی بنیادی ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ معاہدے کے تحت ریاض کی سلامتی کے لیے ممکنہ مدد اور دفاعی فریم ورک کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اس تاریخی معاہدے کے سامنے آتے ہی نئی دہلی کے ایوانوں میں تشویش کی لہر دوڑ جانا فطری امر ہے۔ بھارتی ذرائع ابلاغ جو ایک عرصے سے مشرق وسطیٰ بالخصوص سعودی عرب کے ساتھ اپنے تعلقات کو پاکستان پر فوقیت دینے کا ڈھنڈورا پیٹ رہے تھے اس نئے تزویراتی تعاون سے شدید دباؤ اور بے چینی کا شکار ہو چکے ہیں۔ بھارتی میڈیا کی زہر افشانی، فیک نیوز اور من گھڑت تجزیے دراصل نئی دہلی کے اندرونی خدشات اور سفارتی ناکامی کی کھلی عکاسی کرتے ہیں۔ بھارت کو اصل خوف یہ ہے کہ پاکستان کی دفاعی و عسکری صلاحیت، ترکیہ کی جدید ڈرون و انڈسٹریل ٹیکنالوجی اور سعودی عرب کے مالیاتی و سفارتی اثر و رسوخ کا یکجا ہونا خطے میں بھارت کے تزویراتی اثر و رسوخ کو یکسر محدود کر دے گا۔ اس کے علاوہ مسلم دنیا کی تین بڑی عسکری طاقتوں کا ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے سفارتی اور دفاعی موقف کو عالمی سطح پر مزید استحکام بخشے گا۔ نئی دہلی نے ابراہیمی معاہدوں اور مغربی اتحادوں کے سہارے مشرق وسطیٰ میں جو اثر و رسوخ قائم کرنے کا خواب دیکھا تھا مکہ معاہدے نے اس کے لیے تزویراتی رکاوٹیں کھڑی کر دی ہیں۔ ترک وزیر خارجہ کے مطابق بھارتی میڈیا کی اضطرابی مہم ہی اس بات کی سب سے بڑی سند ہے کہ یہ معاہدہ کتنا موثر اور تزویراتی لحاظ سے کتنا اہم ہے۔ مکہ دفاعی معاہدے کی ایک اور اہم اور نمایاں خصوصیت اس کا کھلے دل سے توسیع پذیر ہونا ہے۔ اس سلسلے میں ایک بڑی پیش رفت شام کی جانب سے سامنے آئی ہے جہاں کے وزیر خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ ان کا ملک اس تزویراتی اور دفاعی اتحاد کا حصہ بننے کے لیے سنجیدگی سے جائزہ لے رہا ہے اور اس میں شامل ہونے کا خواہاں ہے۔ شام کی اس سنجیدہ دلچسپی سے ثابت ہوتا ہے کہ مشرق وسطیٰ کے وہ ممالک جو ایک طویل عرصے سے اندرونی ابتری، خانہ جنگی اور غیر ملکی مداخلت کا شکار رہے ہیں اب وہ ایک ایسے مضبوط اور مستحکم علاقائی سیکورٹی فریم ورک کی تلاش میں ہیں جو باہر سے مسلط کردہ ایجنڈوں کی بجائے مقامی اور خود مختار ہو۔ شام کا اس اتحاد کی طرف رغبت ظاہر کرنا خطے میں مستقل بنیادوں پر امن کی بحالی اور استعمار پسند طاقتوں کی مداخلت کے خاتمے کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتا ہے۔ اس سلسلے میں یہ بات بھی اہمیت کی حامل ہے کہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مکہ معاہدے کے نتیجے میں قائم ہونے والے اتحاد کے حوالے سے پھیلائے جانے والے خدشات کو دور کرتے ہوئے واضح کیا کہ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف جارحانہ اقدام نہیں بلکہ خالصتاً دفاعی اور عدم جارحیت پر مبنی شراکت داری ہے۔ ترجمان پاک افواج کے مطابق، اس اتحاد کا بنیادی مقصد خطے میں اجتماعی ڈیٹرنس کو فروغ دینا اور پائیدار امن و استحکام قائم کرنا ہے اور وہ تمام ممالک جو علاقائی امن و سلامتی کا مشترکہ وژن رکھتے ہیں اس اتحاد میں شامل ہو سکتے ہیں۔ انھوں نے اس امر کا بھی اعادہ کیا کہ اگر کسی ایک شراکت دار ملک پر حملہ ہوتا ہے تو تینوں ممالک مل کر مشترکہ ردِعمل کا فیصلہ کریں گے، تاہم یہ اتحاد کسی دوسرے ملک کے خلاف کوئی جارحانہ عزائم نہیں رکھتا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے یہ اہم وضاحت بھی کی کہ اس معاہدے سے پاکستان کے اپنے دیرینہ دوست اور پڑوسی ممالک یعنی ایران اور چین کے ساتھ تعلقات پر کوئی منفی اثر نہیں پڑے گا بلکہ یہ اتحاد خطے میں مجموعی یکجہتی اور توازن کا سبب بنے گا۔

مجموعی طور پر دیکھا جائے تو مکہ دفاعی معاہدہ صرف تین مسلم ملکوں کا روایتی معاہدہ نہیں بلکہ یہ مسلم دنیا کی تزویراتی خود مختاری اور اجتماعی سلامتی کا ایک مضبوط اور عملی فریم ورک ہے۔ بھارت اور اسرائیل کی جانب سے اس معاہدے کی مخالفت اور پروپیگنڈا دراصل اس بات کا ثبوت ہے کہ اس معاہدے نے مخالفین کے ان تمام مذموم عزائم پر پانی پھیر دیا ہے جن کے ذریعے وہ خطے کی سیاست پر حاوی ہونا چاہتے تھے۔ حاقان فیدان کا یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ اس معاہدے کے ثمرات اور اثرات وقت گزرنے کے ساتھ مزید واضح ہوں گے۔ شام کی شمولیت کی خواہش اور ڈی جی آئی ایس پی آر کی جانب سے امن کے وژن کی تائید یہ ثابت کرتی ہے کہ مکہ معاہدے کے ذریعے تشکیل پانے والا اتحاد مشرقِ وسطیٰ اور جنوبی ایشیا میں امن، استحکام اور طاقت کے توازن کی نئی اور مستحکم ضمانت بن چکا ہے۔

کابل کو فیصلہ کرنا ہوگا پاکستان کا ہمسایہ یا کسی دوسرے کا آلۂ کار؟

اظہار خیال
احسن انصاری

پاکستان نے افغان طالبان حکومت کو اپنے وعدوں پر عمل درآمد کے لیے طویل عرصے تک مہلت دی ہے۔ اسلام آباد کی جانب سے بارہا یہ واضح کیا گیا کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی، تخریب کاری اور مسلح کارروائیوں کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ پاکستان کا یہ مطالبہ کوئی غیر معمولی سفارتی شرط نہیں بلکہ ہر خودمختار ریاست کا بنیادی حق اور ہمسایہ ملک سے ایک جائز توقع ہے۔ تاہم پاکستان کے مطابق کابل میں قائم طالبان حکومت ان یقین دہانیوں پر عمل درآمد کرنے میں ناکام رہی ہے، جس کے باعث دونوں ممالک کے تعلقات میں کشیدگی مسلسل بڑھ رہی ہے۔

پاکستان اور افغانستان کے درمیان مذہبی، تاریخی، ثقافتی، جغرافیائی اور تجارتی تعلقات صدیوں پر محیط ہیں۔ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان خاندانی روابط، مشترکہ روایات اور معاشی مفادات موجود ہیں۔ پاکستان ہمیشہ ایک مستحکم، پرامن اور خوشحال افغانستان کا خواہاں رہا ہے، کیونکہ افغانستان میں امن براہ راست پاکستان کے امن، علاقائی استحکام اور وسطی ایشیا کے ساتھ تجارتی روابط سے وابستہ ہے۔ لیکن یہ تعلقات اسی وقت مضبوط ہو سکتے ہیں جب دونوں ممالک ایک دوسرے کی خودمختاری اور سلامتی کا احترام کریں۔

پاکستان کی بنیادی تشویش تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور اس سے منسلک دیگر عسکریت پسند تنظیموں کی سرگرمیاں ہیں۔ پاکستانی حکام کا الزام ہے کہ ان گروہوں کے جنگجو افغانستان کی سرزمین استعمال کرتے ہوئے پاکستان میں دہشت گردانہ کارروائیاں کرتے ہیں۔ پاکستان کا یہ بھی مؤقف ہے کہ ان تنظیموں کے رہنماؤں اور کارکنوں کو افغانستان میں پناہ، سہولتیں اور بعض صورتوں میں اسلحے کی فراہمی بھی حاصل ہے۔ ان الزامات کے مطابق سرحد پار سے ہونے والی دہشت گردی نے پاکستان کے شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں، سرحدی علاقوں اور قومی سلامتی کو شدید خطرات سے دوچار کر رکھا ہے۔

پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھاری قیمت ادا کی ہے۔ ہزاروں شہری، فوجی جوان، پولیس اہلکار اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ارکان اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ پاکستان کی معیشت، تعلیمی اداروں، کاروباری سرگرمیوں اور سماجی زندگی کو بھی دہشت گردی کے باعث ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔ ایسے حالات میں پاکستانی ریاست کے لیے یہ ممکن نہیں کہ وہ اپنی سرزمین پر ہونے والے حملوں کو معمول کی صورت حال سمجھ کر نظر انداز کر دے۔

پاکستانی فوج کے ترجمان نے بھی واضح کیا ہے کہ اگر کابل حکومت پاکستان کے سیکیورٹی خدشات کو سنجیدگی سے حل نہیں کرتی تو اسے اس کے سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یہ بیان محض ایک عسکری ردعمل نہیں بلکہ پاکستان کی قومی سلامتی سے متعلق بڑھتی ہوئی تشویش کا اظہار ہے۔ کسی بھی حکومت کی اولین ذمہ داری اپنے شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور اپنی سرحدوں کی حفاظت ہوتی ہے۔ پاکستان بھی اسی اصول کے تحت افغانستان سے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کر رہا ہے۔

اس تنازعے کا ایک اہم پہلو پاکستان اور بھارت کے علاقائی تعلقات سے بھی جڑا ہوا ہے۔ پاکستانی عسکری قیادت کا مؤقف ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کی سرپرستی اور معاونت کرنے والا ایک اہم بیرونی عنصر ہے۔ اسلام آباد کو خدشہ ہے کہ افغانستان میں طالبان حکومت اور بھارت کے درمیان بڑھتے ہوئے سفارتی روابط پاکستان کے لیے مزید سیکیورٹی مسائل پیدا کر سکتے ہیں۔

حالیہ عرصے میں بھارت نے کابل میں اپنے سفارتی مشن کی حیثیت کو سفارت خانے کی سطح پر بڑھایا ہے، جبکہ طالبان حکومت کے وزرا اور نمائندوں کے بھارت کے دوروں اور نئی دہلی میں ان کے استقبال نے بھی پاکستان میں سوالات پیدا کیے ہیں۔ پاکستان کی نظر میں بھارت اور کابل کے درمیان بڑھتا ہوا تعاون محض سفارتی سرگرمی نہیں بلکہ ایک ایسی پیش رفت ہے جس کے علاقائی سلامتی پر اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

سفارتی تعلقات قائم کرنا ہر ملک کا حق ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ افغانستان کی سرزمین کسی بھی ایسے گروہ یا بیرونی قوت کے لیے استعمال نہ ہو جو پاکستان کے خلاف دہشت گردی یا عدم استحکام کی سرگرمیوں میں ملوث ہو۔ پاکستان کا مطالبہ ہے کہ افغان حکومت اپنی خارجہ پالیسی اور علاقائی تعلقات کے ساتھ ساتھ اپنی سرزمین سے متعلق ذمہ داریوں کو بھی پورا کرے۔ افغانستان کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ وہ ایک آزاد اور خودمختار ریاست کی حیثیت سے فیصلے کرتا ہے، نہ کہ کسی دوسرے ملک کے علاقائی مفادات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ پاکستان کا اختلاف افغان عوام سے نہیں بلکہ کابل میں برسراقتدار طالبان حکومت کی پالیسیوں سے ہے۔ پاکستان نے کئی دہائیوں تک لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ دی۔ جنگوں، سیاسی بحرانوں اور معاشی مشکلات کے دوران افغان شہریوں نے پاکستان میں رہائش اختیار کی، تعلیم حاصل کی اور کاروبار سمیت زندگی کے مختلف شعبوں میں حصہ لیا۔ پاکستان اور افغان عوام کے درمیان انسانی اور معاشرتی روابط ایک حقیقت ہیں جنہیں کسی سیاسی اختلاف کی نذر نہیں ہونا چاہیے۔

پاکستانی حکام نے بھی بارہا واضح کیا ہے کہ افغان عوام اور طالبان حکومت کو ایک ہی نظر سے نہیں دیکھا جانا چاہیے۔ افغان عوام خود بھی طویل جنگ، سیاسی بے یقینی، معاشی مشکلات اور انسانی بحران سے متاثر ہوئے ہیں۔ پاکستان کی خواہش ہے کہ افغانستان میں ایسا سیاسی اور انتظامی نظام قائم ہو جو اپنے عوام کی ضروریات پوری کرنے، علاقائی امن کے فروغ اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

پاکستان نے مختلف مواقع پر تحمل اور سفارتی ذرائع کو ترجیح دی ہے۔ سرحدی کشیدگی اور بعض واقعات، بشمول انگور اڈہ کے علاقے میں فائرنگ کے تبادلے، نے دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید پیچیدہ بنایا ہے۔ پاکستان کا مؤقف ہے کہ اس کی افواج قومی سرحدوں کے دفاع کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں اور کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔

اسلام آباد کے عوام اور خوف کے سائے

اظہار خیال



صدیق الرحمن عباسی

ماں دھرتی پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد کی 65 فیصد آبادی انکروچمنٹ، ناجائز تجاوزات، اللیگل ہاؤسنگ سوسائٹی اور سرکاری جگہوں پر قابضین کے مختلف الزامات کے بعد لاکھوں گھرانوں پر مشتمل 18 لاکھ سے زائد کی آبادی کا رورل ایریا اسلام آباد انتہائی اذیت ناک صورتحال کا شکار ہے۔

ایک طرف حکومت کی طرف سے اربوں روپے مالیت کے تعمیراتی پروجیکٹس شروع کیے گئے ہیں تو دوسری طرف سینکڑوں پلازوں اور گھروں کو منہدم کیے جانے کے آرڈر کیے جا رہے ہیں۔ مقتدر حلقے جانتے ہیں کہ حکومتی مشینری کی ملی بھگت کے بغیر ایک انچ زمین پر بھی کوئی قابض نہیں ہو سکتا، یا تو محکمہ مال کی ملی بھگت سے پاکستان بھر سے آئے ہوئے اسلام آباد کے رہنے والوں کے سادہ لوگوں سے ان کی جمع پونجی لوٹی گئی۔ ان پلاٹوں پر ان لوگوں کی کئی سالوں کی محنت کے بعد مکان تعمیر ہوئے تو حکومتی مشینری ایکٹو ہوگئی۔

اسلام آباد کی 65 فیصد آبادی یہ لوگ دیہی علاقہ اسلام آباد میں آباد ہیں۔ 50 سال قبل جب پاکستان کا دارالخلافہ اسلام آباد بنایا گیا تو اس کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا، ایک حصہ شہری علاقہ جس کو سی ڈی اے نے ڈویلپ کر کے سیکٹر بنائے اور دوسرا حصہ رورل ایریا پر مشتمل ہے جس کو مقامی دیہاتیوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا۔

اسلام آباد کے شہری علاقے میں تجارتی مراکز تعمیر ہوئے، قومی اسمبلی، سیکرٹریٹ، سرکاری دفاتر قائم ہوئے تو ملک بھر سے لاکھوں افراد روزگار کے سلسلے میں سرکاری اور نیم سرکاری اداروں میں اسلام آباد میں آ کر ملازم ہوئے۔ سی ڈی اے سیکٹر انتہائی مہنگا ہونے کی وجہ سے ملازمین کے پاس جگہ نہ ہونے کی وجہ سے ان لوگوں نے اسلام آباد کے رورل ایریا میں سستی جگہ خرید کر اپنے گھر بنائے۔ یہ لاکھوں کی تعداد میں وہ لوگ ہیں جو سرکاری اور نیم سرکاری اداروں میں کام کر رہے ہیں، یہ اصل میں معمار پاکستان ہیں جو اتنے بے بس ہیں کہ انھی دفاتر میں بیٹھ کر اپنے خلاف بننے والی پالیسیوں پر کوئی آواز نہیں اٹھا سکتے۔

دوسری طرف رورل ایریا کے لوگوں کی 50 سالوں کے بعد آبادی کئی گنا بڑھ گئی۔ اب یہاں سے دو قومی اسمبلی کے ممبران منتخب ہوتے ہیں، ان میں راجہ خرم نواز ممبر قومی اسمبلی چیئرمین قائمہ کمیٹی اور ممبر قومی اسمبلی وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری وہ اپنے اپنے لوگوں کے لیے آواز تو اٹھا رہے ہیں جس کا ابھی تک کوئی اثر دکھائی نہیں دے رہا۔

اس موقع پر رورل ایریا میں بسنے والے 18 لاکھ افراد کی نظریں موجودہ حکومت کی بااثر ترین شخصیت وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی پر لگی ہوئی ہیں۔ اسلام آباد کے ٹوٹل ایریا میں بسنے والے 18 لاکھ افراد کے لیے سید محسن نقوی مسیحا بن سکتے ہیں۔ ریاست ماں جیسی ہوتی ہے۔ ریاست سے ٹکرانا ماں سے ٹکرانے کے مترادف ہے۔ ماں جیسی بھی ہو جس کی بھی ہو وہ اپنے بچوں کو اپنے آغوش میں لیتی ہے، بچوں کی خاطر ساری دنیا سے ٹکرا جاتی ہے۔ ماں وہ ہستی ہے اللہ تعالیٰ نے بھی پیار اور محبت کی بات کی تو ماں کا لفظ استعمال کیا۔ اللہ تعالیٰ 70 گنا ماں سے زیادہ پیار کرتا ہے۔ ہماری ماں جیسی ریاست پاکستان اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا انعام ہے، ہمارے آباؤ اجداد کی جان و مال کی قربانیوں سے حاصل کیا ہوا پاکستان جس کے رہنے والے 99 فیصد لوگ اب بھی اس دھرتی کے لیے اپنی جان مال اور اولاد حتیٰ کہ اپنے خون کا آخری قطرہ بھی اس ماں دھرتی پاکستان کی خاطر دینے کے لیے تیار ہیں۔ ہماری فورسز نے دنیا بھر کی طاقتوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر دشمن کے دماغوں میں بھی اپنے پنجے گاڑ دیے ہیں۔ ریاست پاکستان کو چلانے والے 70 سالوں سے مختلف ادوار میں مختلف لوگ آئے لیکن کسی بھی شخص کے بارے میں اس دھرتی پاکستان کی وفاداری میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ مختلف ادوار میں ہماری اس ماں دھرتی نے کامیابیوں کے وہ جھنڈے گاڑے کہ ملک بھر کی کروڑوں عوام کے سر فخر سے بلند ہوئے۔ وہ نعرہ جو روکھی سوکھی کھائیں گے ایٹم بم بنائیں گے وہ کام ہمارے حکمرانوں اور ریاست کے چلانے والوں نے کر کے دکھایا۔

اس ماں دھرتی ریاست کے چلانے والوں کے لیے میرا ایک پیغام یہ ہے کہ ماں دھرتی کی اصل طاقت اس کی آغوش میں رہنے والے لوگ ہیں، مال و دولت کی کوئی اہمیت نہیں۔ اس دھرتی کو حاصل کرنے کے لیے ہم سب کے آباؤ اجداد نے اپنی جانیں اپنا مال اور سب کچھ لٹا کر یہ دھرتی حاصل کی۔ ہر دور میں اگر اچھے لوگ ریاست کو چلانے والے تھے تو کچھ دشمن عناصر مفاد پرست اور پیسے کے پجاری لوگ بھی ان میں گھسے ہوئے تھے ان کی وجہ سے ماں دھرتی پاکستان اور اس کے رہنے والے لوگوں کو کچھ نقصان اٹھانا پڑا، لیکن اس کا ہرگز مقصد یہ نہیں کہ ریاست اور ریاست کے رہنے والوں کو آپس میں لڑا دیا جائے۔ اگر اس دھرتی کے رہنے والے ایک شخص کو ہزاروں کنال جگہ الاٹ کر دی جاتی ہے تو اس دھرتی کے رہنے والے غریب لوگ جنہوں نے ساری زندگی کی جمع پونجی لگا کر پانچ مرلے یا دس مرلے میں گھر بنا لیا ہے ان سے ماں دھرتی کی زمین واگزار کر کے کیا فتح حاصل ہوگی؟ مقتدر حلقے ایسی وہ زمینیں جن سے ہمارے گرین ایریا یا ملک کو نقصان نہیں پہنچتا ان کے لیے نئی قانون سازی کر کے چھت اور کاروبار کے لیے ان کو فیسلیٹ کیا جائے اور ان ریاستی عناصر اور مافیاز کے خلاف کارروائی کی جائے۔

ریاست ماں جیسی ہوتی ہے بلکہ پاکستان ہماری اصل ماں دھرتی ہے۔ ہمارے مقتدر حلقے یہ جانتے ہیں کہ پاکستان کی دھرتی میں کسی بھی جگہ کوئی ناجائز تعمیرات ہوئی ہیں تو مافیاز اور ریاستی عناصر شامل ہوئے ہیں تو کچھ ہوا ہے۔ وہ لوگ جو اصل مجرم ہیں وہ کبھی بھی قانون کی گرفت میں آ ہی نہیں سکتے، قانون کی گرفت میں اگر آئے گا تو پاکستان کی دھرتی کا وہ غریب مسکین شخص جس نے اپنی زندگی کی ساری جمع پونجی لگائی ہے۔ جناب محسن نقوی صاحب آپ مقتدر حلقوں اور ماں دھرتی پاکستان کی موجودہ پالیسیوں کے طاقتور ترین آدمی ہیں، اس وقت ملک بھر میں اور خصوصاً اسلام آباد میں تجاوزات اور سرکاری جگہوں پر قبضے کے نام پر ماں دھرتی پاکستان کے رہنے والے لاکھوں کی تعداد میں عوام سے چھت چھینی جا رہی ہے، انہوں نے ساری زندگی کی محنت کی کمائی لگائی ہے۔ اگر عوام کے گھر ناجائز تجاوزات میں بھی ہیں تو پانچ مرلہ سکیم کے تحت ان لوگوں کو چھتوں کی جگہ دی جائے اور ان لوگوں کے گھر مسمار ہونے سے بچائے جائیں۔ اس طرح بے روزگار ہونے والے تاجروں کے لیے حکومتی اقدامات کیے جائیں۔ پاکستان میں پہلے بھی عوام کو مالکانہ حقوق پر پلاٹ اور مکان دیے گئے ہیں۔ اس موقع پر آپ بھی اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو بے گھر ہونے سے بچا لیں۔ اسلام آباد میں ان لوگوں نے گھر بنائے ہیں یا تو اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے اسلام آباد آئے یا پھر اسلام آباد میں سرکاری نیم سرکاری اداروں کے ملازمین نے پلاٹ لے کر ساری زندگی کی جمع پونجی سے اپنے گھر بنائے ہیں، ان میں سے اگر کسی کے گھر غلط جگہ بن گئے ہیں تو حکومت ان متاثرین کو اچھے انداز سے فیسلیٹ کرے۔

شہرنامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت



حنا پرویز بٹ نے حنا الطاف کو لاہور آنے کی دعوت دے دی



کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستانی اداکارہ حنا الطاف کی جانب سے کراچی کو خواتین کے لیے جیل قرار دینے کے بیان پر چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ کا ردعمل سامنے آ گیا۔ اس بیان پر حنا پرویز بٹ نے ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ آپ لاہور آئیں کیونکہ یہاں خواتین خود کو لندن کے مقابلے میں زیادہ محفوظ محسوس کرتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں خواتین کا تحفظ اہم ترجیح ہے اور حکومت ایسا ماحول فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے جہاں خواتین بلاخوف نقل و حرکت کر سکیں۔ انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ لاہور میں خواتین کو ہراسانی اور تشدد سے محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حنا الطاف نے حال ہی میں لندن کی سڑکوں پر چہل قدمی کرتے ہوئے ایک ویڈیو شیئر کی تھی جس میں انہوں نے کہا تھا کہ کراچی واپسی کے بعد دوبارہ جیل جیسی زندگی گزارنا پڑے گی کیونکہ وہاں لڑکیاں آزادی سے گھوم پھر نہیں سکتیں۔

سیکیورٹی تھریٹ، امیتابھ بچن کا بلٹ پروف گلاس کا استعمال



ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن نے گھر کو بم سے اڑانے کی مبینہ دھمکی کے باوجود اتوار کو مداحوں سے ملاقات کی روایت برقرار رکھی، تاہم اس بار سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات دیکھنے میں آئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق امیتابھ بچن گزشتہ 42 برس سے ہر اتوار ممبئی میں اپنی رہائش گاہ 'جلسہ' کے باہر مداحوں سے ملاقات کرتے ہیں۔ یکم نومبر کو بھی اداکار بلٹ پروف شیلڈ کے پیچھے کھڑے ہو کر مداحوں کو ہاتھ ہلاتے نظر آئے جبکہ ان کے بیٹے ابھیشیک بچن بھی والد کے ساتھ موجود رہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ جمعے ممبئی پولیس کو ایک ای میل کے ذریعے امیتابھ بچن کی رہائش گاہ سے متعلق مبینہ بم کی دھمکی کی اطلاع ملی تھی جس کے بعد تحقیقات شروع کر دی گئیں۔ تاہم یہ واضح نہیں ہو سکا کہ دھمکی میں اداکار کے کس بنگلے کا ذکر تھا۔

شہریار منور پہلے سے زیادہ ہینڈسم کیسے ہو گئے؟ ڈاکٹر نے سرجری کا امکان ظاہر کر دیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک ماہر ڈاکٹر نے پاکستانی اداکار شہریار منور کے چہرے میں مبینہ تبدیلیوں سے متعلق دلچسپ تبصرہ کیا جس پر سوشل میڈیا صارفین بھی اتفاق کر رہے ہیں۔ نجی ٹی وی چینل پر نشر ہونے والے ایک نئے پاکستانی ڈرامے میں ابوبکر کا کردار کرنے والے شہریار منور ان دنوں اپنی اداکاری کے ساتھ خوبصورت شخصیت کے باعث بھی مداحوں کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ حال ہی میں ایستھیٹک فیزیشن ڈاکٹر عمارہ سعد ہاشمی نے انسٹاگرام پر اداکار کی پرانی اور نئی تصاویر کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے چہرے میں آنے والی تبدیلیوں پر تبصرہ کیا۔ ڈاکٹر نے شہریار منور کی مبینہ ناک کی سرجری اور چہرے میں فلرز کے استعمال کا امکان ظاہر کرتے ہوئے ان کے نئے انداز کو سراہا۔

نہ بھوت، نہ چڑیل! معروف ماڈل ہالووین پر اپنا ہی ہاتھ بن گئیں



نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمن سپر ماڈل ہائیڈی کلوم نے ہالووین 2026 پر ایک بار پھر اپنے منفرد لباس سے سب کی توجہ حاصل کر لی جب وہ دیوہیکل انسانی ہاتھ کا روپ دھار کر تقریب میں پہنچیں۔ نیویارک میں منعقدہ اپنی سالانہ ہالووین پارٹی میں ہائیڈی کلوم نے ایسا لباس پہنا جو ان کے اپنے ہاتھ کی بڑی اور حقیقت سے قریب تر نقل تھا۔ فیشن میگزین ووگ کو انٹرویو دیتے ہوئے ماڈل نے بتایا کہ وہ ہر سال کچھ ایسا کرنا چاہتی ہیں جو لوگوں نے پہلے کبھی نہ دیکھا ہو۔ ان کے مطابق اس منفرد لباس کی تیاری کا خیال انہیں تقریباً ایک سال قبل آیا تھا۔ خصوصی ایفیکٹس کے ماہر مائیک ماریینو اور ان کی ٹیم نے ہائیڈی کے ہاتھ کے اسکین کی مدد سے لباس تیار کیا جس میں رگوں، پٹھوں، انگوٹھیوں اور انگلی پر موجود ٹیٹو تک کی نقل بنائی گئی۔ ہائیڈی نے بتایا کہ لباس کو اس انداز میں تیار کرنا بھی ایک چیلنج تھا کہ وہ اسے پہن کر چل پھر سکیں۔ واضح رہے کہ اس سال ان کی مشہور ہالووین پارٹی کو 25 سال مکمل ہو گئے۔

عروسہ قریشی کی نئی ویڈیو نے شوہر سے علیحدگی کی افواہوں کو پھر ہوا دیدی



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف جوڑی بلال قریشی اور عروسہ قریشی کے درمیان مبینہ علیحدگی کی افواہیں ایک بار پھر سوشل میڈیا پر زیر بحث آ گئیں۔ حال ہی میں عروسہ قریشی نے انسٹاگرام پر گروسری شاپنگ کی ایک مختصر ویڈیو شیئر کی جس میں وہ اپنے بیٹے اور خاندان کے ایک بزرگ کے ہمراہ نظر آئیں، تاہم ان کے شوہر بلال قریشی موجود نہیں تھے۔ ویڈیو سامنے آتے ہی صارفین نے بلال قریشی کی غیر موجودگی پر سوالات اٹھانا شروع کر دیے۔ ایک صارف نے پوچھا کہ آپ کے شوہر کہاں ہیں؟ جبکہ دوسرے نے تشویش ظاہر کرتے ہوئے سوال کیا کہ کیا آپ دونوں میں علیحدگی ہو گئی ہے؟ واضح رہے کہ اس سے قبل عروسہ قریشی نے انسٹاگرام پر شوہر کو ان فالو کرنے کے ساتھ اپنے پروفائل سے ان کا نام بھی ہٹا دیا تھا۔

ہوائی اڈے پر مسافروں کی تعداد میں 14 فیصد اضافہ

ریلوے کے نئے ٹائم ٹیبل کے مطابق 15 اگست سے 51 ٹرینوں کی آمد و رفت میں تبدیلی

ضلع کونسل کے 68 ارکان کا حلف برداری کا اجلاس 52 کو

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے 391 ملازمین کو تربیت

ہوائی اڈے پر مسافروں کی تعداد میں 14 فیصد اضافہ

ریلوے کے نئے ٹائم ٹیبل کے مطابق 15 اگست سے 51 ٹرینوں کی آمد و رفت میں تبدیلی

ضلع کونسل کے 68 ارکان کا حلف برداری کا اجلاس 52 کو

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے 391 ملازمین کو تربیت

ہوائی اڈے پر مسافروں کی تعداد میں 14 فیصد اضافہ

ریلوے کے نئے ٹائم ٹیبل کے مطابق 15 اگست سے 51 ٹرینوں کی آمد و رفت میں تبدیلی

ضلع کونسل کے 68 ارکان کا حلف برداری کا اجلاس 52 کو

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے 391 ملازمین کو تربیت

ہوائی اڈے پر مسافروں کی تعداد میں 14 فیصد اضافہ

ریلوے کے نئے ٹائم ٹیبل کے مطابق 15 اگست سے 51 ٹرینوں کی آمد و رفت میں تبدیلی

ضلع کونسل کے 68 ارکان کا حلف برداری کا اجلاس 52 کو

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے 391 ملازمین کو تربیت

ہوائی اڈے پر مسافروں کی تعداد میں 14 فیصد اضافہ

ریلوے کے نئے ٹائم ٹیبل کے مطابق 15 اگست سے 51 ٹرینوں کی آمد و رفت میں تبدیلی

ضلع کونسل کے 68 ارکان کا حلف برداری کا اجلاس 52 کو

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے 391 ملازمین کو تربیت

ہوائی اڈے پر مسافروں کی تعداد میں 14 فیصد اضافہ

ریلوے کے نئے ٹائم ٹیبل کے مطابق 15 اگست سے 51 ٹرینوں کی آمد و رفت میں تبدیلی

ضلع کونسل کے 68 ارکان کا حلف برداری کا اجلاس 52 کو

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے 391 ملازمین کو تربیت

ہوائی اڈے پر مسافروں کی تعداد میں 14 فیصد اضافہ

ریلوے کے نئے ٹائم ٹیبل کے مطابق 15 اگست سے 51 ٹرینوں کی آمد و رفت میں تبدیلی

ضلع کونسل کے 68 ارکان کا حلف برداری کا اجلاس 52 کو

ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے 391 ملازمین کو تربیت

ہوائی اڈے پر مسافروں کی تعداد میں 14 فیصد اضافہ



اسلام آباد، قائمقام امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کی نومنتخب کابینہ کا پہلے اجلاس

بیرون ملک مقیم صحافیوں کو پہلے کی طرح ووٹ کا حق دینے پر اتفاق



گوجرخان (بیورو رپورٹ) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کی نومنتخب باڈی کا پہلا باضابطہ اجلاس صدر راجہ محمد اقبال کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کے بعد جنرل سیکرٹری اسد ملک نے اجلاس کا ایجنڈا پیش کیا۔ اجلاس میں پریس کلب کے تنظیمی امور، آئینی معاملات، ممبران کے حقوق، اسکروٹنی اور ادارے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کہوٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

15 کلو آٹے کا تھیلا 2450 روپے میں فروخت ہونے لگا

کہوٹہ (نمائندہ خصوصی) تحصیل کہوٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے نے عام شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ شہر میں 15 کلو آٹے کا تھیلا 2450 روپے میں فروخت ہونے لگا ہے، جس کے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

سانحہ پمز کا ریکارڈ طلب کرنا ہی ثابت ہوئی تو ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہوگی، ہائیکورٹ

عدالت نے سانحہ پمز کی ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست خارج کرنے کا جسٹس آف پیس کا حکم معطل کردیا

عدالت نے وفاقی حکومت، وزیراعظم آفس، وزارت صحت اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سانحہ پمز میں بچوں کی اموات کا مقدمہ درج کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو معاوضے کی ادائیگی کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے انکوائری رپورٹ سمیت مکمل ریکارڈ طلب کرلیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے وکیل ریاض حنیف راہی کی درخواست پر سماعت کی اور سانحہ پمز کی ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست خارج کرنے کا جسٹس آف پیس کا حکم معطل کردیا۔ عدالت نے وفاقی حکومت، وزیراعظم آفس، وزارت صحت اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا، جبکہ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی، آڈیٹر جنرل، چیف کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو بھی نوٹس جاری کیے گئے۔ علاوہ ازیں عدالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اپنی قوم سے محبت اور خدمت سرفراز مغل کا خاصہ ہے

نیشنل پریس کلب میں سالگرہ تقریب، بیگ راج، عمر مغل ودیگر کا اظہارِ خیال



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان کے نومنتخب چیئرمین سرفراز مغل کی سالگرہ اور ان کے چیئرمین منتخب ہونے کی خوشی میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس کی میزبانی ہی ایف یو جے کے رہنما، ریڈیو براڈ کاسٹر قیصر مرزا نے کی۔ یہ تقریب تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان کے لیے ایک خوش آئند اور نیک شگون موقع ثابت ہوئی، جہاں نومنتخب چیئرمین کو مبارک باد پیش کرنے کے ساتھ ان کی شخصیت، اخلاق اور سماجی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ کیک کاٹنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، گھر سے 37 لاکھ مالیت کے زیورات چوری کرنے والی ملازمہ گرفتار

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں تھانہ سول لائنز پولیس نے گھر سے 37 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے طلائی زیورات چوری کرنے کے الزام میں ملازمہ کو گرفتار کرکے مسروقہ زیورات برآمد کرلئے۔ پولیس کے مطابق گھر میں ملازمت کے لئے آنے والی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

وادیِ سون سکیسر، جنگلی سوروں کے مسلسل حملوں نے مقامی کسانوں اور کاشتکاروں کی زندگی اجیرن کردی

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) وادیِ سون سکیسر اور اس کے گردونواح کے زرعی علاقوں میں جنگلی سوروں کے مسلسل حملوں نے مقامی کسانوں اور کاشتکاروں کی زندگی اجیرن کردی ہے رات کے اندھیرے میں ندی نالوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کراچی، ڈاکوؤں نے پوری کرکٹ ٹیم کو لوٹ لیا، ملزمان فرار

کراچی (آئی این پی) کراچی کی منظور کالونی میں نائٹ کرکٹ میچ کھیلنے والی پوری ٹیم کو موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے لوٹ لیا۔ رپورٹ کے مطابق ڈاکوؤں نے منظور کالونی گراؤنڈ میں واردات کی، جس کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ڈی آئی جی علی وسیم کا پولیس دربار کا انعقاد

جوانوں کی عزتِ نفس اور ویلفیئر پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، گفتگو

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کی ہدایات پر ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کا پولیس افسران و جوانوں کے مسائل کے حل اور فلاح و بہبود کے لیے پولیس دربار کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے پولیس افسران و جوانوں کے مسائل سنے، ان کے حل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)


اسلام آباد، ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم پولیس دربار سے خطاب کررہے ہیں

23ویں ایشین اسکواش چیمپئن شپ کا آغاز 3 نومبر کو پاک فضائیہ کی سرپرستی میں اقدامات جاری

23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں پاکستان اسکواش فیڈریشن کے زیر اہتمام ہوگا

ایونٹ میں 36 غیر ملکی کھلاڑیوں، 12 غیر ملکی آفیشلز اور 10 تکنیکی مندوبین و ریفریز کی شرکت بھی متوقع

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) 23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز 3 نومبر سے مصحف اسکواش کمپلیکس اسلام آباد میں ہوگا 02 نومبر 2026: 23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز 3 نومبر 2026 کو مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں پاکستان اسکواش فیڈریشن کے زیر اہتمام ہوگا۔ اس باوقار ایونٹ میں ایشیا کے صفِ اول کے کھلاڑی مردوں اور خواتین کے ٹیم مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔ چیمپئن شپ میں مردوں کی چھ ٹیمیں شرکت کریں گی، جن میں مجموعی طور پر 24 کھلاڑی شامل ہوں گے، جبکہ خواتین کے مقابلوں میں پانچ ٹیموں کے 20 کھلاڑی حصہ لیں گے۔ ایونٹ میں 36 غیر ملکی کھلاڑیوں، 12 غیر ملکی آفیشلز اور 10 تکنیکی مندوبین و ریفریز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

علامہ اقبال کی شاعری قرآن کی تفسیر کی عکاسی کرتی ہے، جاوید انتظار

کیریئر گروپ علامہ اقبال کے نظریات کی آبیاری کے لئے اقدامات کررہا



اسلام آباد (پ ر) علامہ اقبال کی شاعری قرآن کی تفسیر کی عکاسی کرتی ہے۔ علامہ اقبال نے شاعری سے اسلام اور اللہ کے پیغام کو عام کیا۔ نوجوان طبقے کو اپنی تقدیر بدلنے کا فکر و فلسفہ دے بڑا کام کیا۔ علامہ اقبال کی شاعری کامیابی کا آفاقی پیغام ہے۔ جو چھوٹے انسان کو بڑا انسان بنانے میں فیصلہ کن کردار ادا کرتی ہے چیئرمین کریئر گروپ آف انسٹیٹیوشنز جاوید انتظار نے 9 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

برسراقتدار آکر ترقیاتی کاموں کا جال بچھادینگے، خاقان خواجہ

برسراقتدار آکر نوجوان نسل کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی کوشش کریں گے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہم برسراقتدار آکر جہاں نوجوان نسل کے مستقبل کو محفوظ بنانے کی کوشش کریں گے وہاں عوام کی دہلیز تک ترقیاتی کام کا جال بچھا دیں گے۔ یہ بات انہوں نے نامور سیاسی و سماجی رہنما ناصر مغل کی آفس، وزارت صحت اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا، جبکہ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی، آڈیٹر جنرل، چیف کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو بھی نوٹس جاری کیے گئے۔ علاوہ ازیں عدالت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پی ایف یو جے کی ملک گیر احتجاجی تحریک شروع

نیشنل پریس کلب پر سیاہ پرچم لہرایا گیا، 10 نومبر کو کراچی میں دھرنا دینے کا اعلان



اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (آر آئی یو جے) کے زیر اہتمام نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے سامنے احتجاجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

یونین کونسل 43 ڈھوک کھبہ میں صفائی کی بدترین صورتحال،

کھلے پلاٹوں میں جمع کوڑا کرکٹ تعفن اور مچھروں کی افزائش کا باعث بن رہا، ظہیر اعوان

سرکاری اداروں کو اپنی بنیادی ذمہ داری سے غفلت کی اجازت نہیں دی جاسکتی

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) یونین کونسل 43 ڈھوک کھبہ میں صفائی کی بدترین صورتحال، ستھرا پنجاب کی کارکردگی پر سوالیہ نشان! پاکستان سٹیزن رائٹس موومنٹ (PCRM) کے چیئرمین ظہیر احمد اعوان نے اندرونِ شہر یونین کونسل 43 ڈھوک کھبہ میں صفائی کی ابتر صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کھلے پلاٹوں میں جمع کوڑا کرکٹ تعفن، بدبو، مکھیوں اور مچھروں کی افزائش کا باعث بن رہا ہے، جبکہ بارہا شکایات کے باوجود صفائی نہ ہونا متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ستھرا پنجاب کے آپریشنل افسران کی تعلیمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کہوٹہ بازار میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن، دکانداروں کو جرمانے

اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شیریں گل اور چیف آفیسر صائمہ تحریم کی خصوصی ہدایات پر مشترکہ کارروائی

عوامی گزرگاہوں اور فٹ پاتھوں پر تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائینگی، انتظامیہ

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) کہوٹہ شہر کے مرکزی بازاروں میں غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے کے لیے بلدیاتی انتظامیہ نے پیرا فورس کے ہمراہ مشترکہ گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے درجنوں تجاوزات ہٹا دیں، جبکہ خلاف ورزی کے مرتکب دکانداروں پر موقع پر جرمانے عائد کر کے سخت وارننگ جاری کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)


مانسہرہ، مہلت ملنے کے بعد شہر کے تاجر رضا کارانہ تجاوزات گرا رہے ہیں

خاور شاہ نیشنل بیس بال چیمپئن شپ، بلوچستان، اسلام آباد کی کامیابی

پاکستان پولیس اور پنجاب کی ٹیموں کو میچز میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا



ملتان (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان فیڈریشن بیس بال کے زیر اہتمام ملتان میں جاری ستائیسویں خاور شاہ نیشنل بیس بال چیمپئن شپ کے دوسرے روز بلوچستان نے گلگت بلتستان کو 18 صفر سے ہرایا جب کہ اسلام اباد نے سخت مقابلے کے بعد پاکستان پولیس کو 8-7 رنز سے جی ایف سپورٹس نے پنجاب کو 2-1 سے ہرا دیا۔ دوسرے روز کے مہمان خصوصی میجر علی طاہر تھے جن کی امد پر انہیں فیڈریشن کے صدر ڈاکٹر محمد حمود لکھوی ؒ سیکرٹری جنرل طاہر محمود ؒ آرگنائزنگ سیکرٹری جمیل کامران نے خوش امدید کہا اور گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر فیڈریشن کے نائب صدر حیدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

زینب حسین کی زیرِ صدارت PERA افسران اور عملے کا اجلاس

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کا مؤثر کارروائی کے حوالے سے متعلقہ افسران کو ہدایات



گوجرخان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین کی زیرِ صدارت PERA کے افسران اور عملے کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پراس کنٹرول اور انسدادِ تجاوزات کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر فروخت یقینی بنانے، ناجائز تجاوزات کے خاتمے اور خلاف ورزی کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی، فائرنگ سے نوجوان جاں بحق، گاڑی سے نوجوان کی گولی لگی لاش برآمد

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ بلدیہ ٹاؤن میں ایدھی قبرستان روڈ پر کھڑی گاڑی سے نوجوان کی لاش ملی ہے۔ تفصیل کے مطابق سرجانی سیکٹر 36 سائرہ پی بی گوٹھ پولیس چوکی کے قریب فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا، جاں بحق ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

مری، کھلے سیوریج اور گندے ڈرینز کیخلاف واسا کی کارروائی

مری (بیورو رپورٹ) مال روڈ مری پر کھلے سیوریج اور گندے ڈرینز کے باعث غیر صحت مند ماحول کے خاتمے کے لیے واسا مری نے کارروائی شروع کر دی۔ وزیرِ اعلیٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

ریاست کو نقصان پہنچانے والا کوئی بھی عمل بہتری کیلئے نہیں ہو سکتا، وزیراعظم آزاد کشمیر

راولاکوٹ (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے کہا کہ ایکشن کمیٹی کے تمام مطالبات منظور ہو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ملتان، مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب عظمیٰ کاردار پریس کانفرنس کررہے ہیں

مظفر آباد کی حدود میں ہوائی فائرنگ آتش بازی پر دفعہ 144 نافذ

مظفر آباد (وقائع نگار) ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ آفس سے جاری ہونے والے حکم کے مطابق ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مظفر آباد عاصم خالد اعوان نے ضلع مظفر آباد کی حدود میں ہوائی فائرنگ کے علاوہ دھماکہ خیز قسم کے گولے، پٹاخے (میرج بم) و آتش بازی پر زیر دفعہ 144 ض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)


اسلام آباد، پارلیمانی سیکرٹری فرح ناز اور طالبات یادگار فتح پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کررہی ہیں

آئی ایم ایف کا شارٹ فال پر اظہار تشویش، ٹیکس اقدامات کی تجویز

عالمی مالیاتی ادارے کا 15 ہزار 264 ارب کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور

اگر ٹیکس شارٹ فال میں مزید اضافہ ہوا تو عوام پر نئے ٹیکس عائد کرنے یا سرکاری اخراجات میں کٹوتی کا آپشن زیر غور آسکتا

عالمی مالیاتی ادارے نے اکتوبر میں 129 ارب روپے اور 4 ماہ کے دوران 96 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال پر تشویش ظاہر کی ہے، آئی ایم ایف نے 15 ہزار 264 ارب روپے کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور دیا ہے، جبکہ موجودہ ٹیکس محاصل کو ناکافی قرار دیتے ہوئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایف بی آر ذرائع کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

گورنر راج کے بعد جنوبی وزیرستان میں صفائی مہم تیز

ٹی ایم اے وانا متحرک

وانا (آئی این پی) گورنر راج کے بعد جنوبی وزیرستان میں عملی تبدیلی کا آغاز ہوگیا، جہاں وانا کو صاف ستھرا بنانے کیلئے ٹی ایم اے نے صفائی مہم تیز کردی ہے۔ خیبر پختونخوا کے حکومتی ذرائع کے مطابق بدلتا نگھرتا، مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت ڈپٹی کمشنر لوئر جنوبی وزیرستان کی خصوصی ہدایات پر ٹی ایم اے وانا متحرک ہے اور شہر کی گلیوں، بازاروں و مختلف مقامات سے کچرا اٹھانے کے ساتھ ساتھ مکمل صفائی کے عمل کو موثر بنانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد پولیس کی کارروائیاں، 26 ملزمان گرفتار

گرفتار ہونیوالوں میں اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروران بھی شامل، منشیات و اسلحہ برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بلاامتیاز کارروائیاں جاری۔ 26 ملزمان گرفتار، 16 اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروران بھی شامل، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

آئی جی سہیل چوہدری کی زیر صدارت سیف سٹی اجلاس اکا انعقاد

سکیورٹی، جرائم کی روک تھام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا جائزہ

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی سیف سٹی میں اہم اجلاس کی صدارت۔ آئی جی اسلام آباد نے سکیورٹی، جرائم کی روک تھام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے حج و عمرہ قرعہ اندازی میں منتخب افسران و جوانوں کے ساتھ ملاقات کی۔ مزید فائرنگ رینج اور پولیس رہائشی بیرکس کا دورہ کیا، تربیتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

تھانہ مورگاہ میں مصالحتی و امن کمیٹی کا اہم مشاورتی اجلاس

سکیورٹی کی مجموعی صورتحال، اسٹریٹ کرائمز کی موثر روک تھام بارے مشاورت



راولپنڈی (نیوز رپورٹر) تھانہ مورگاہ میں مصالحتی و امن کمیٹی کا ایک اہم مشاورتی اجلاس زیرِ صدارت کمیٹی کے صدر قاری عنایت الرحمن منعقد ہوا، جس میں علاقے میں امن و امان کی فضا برقرار رکھنے اور جرائم کے خاتمے کے لیے اب تک کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری راجہ ذوالقرنین حسین، شہزاد اعوان، کرنل (ر) زاہد، مولانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)


مظفر آباد، سینیٹر اسد قاسم کی قیادت میں سینیٹ کمیٹی برائے کشمیر، جی بی و سیفران کا وفد جموں کشمیر میڈیکل کالج مظفر آباد اور سی ایم ایچ کا دورہ کررہا ہے

ہم جوب دیں گے امید یا جنگ روکنے کیلئے ایٹمی صلاحیت امریکا کو کرنا ہے، باقر قالیباف

دشمن کے اسٹریٹجک غلط اندازے پر ایران کا ردعمل جغرافیائی حدود تک محدود نہیں، امریکا کیساتھ کس معاہدے تک پہنچنے سے ابھی بہت دور ہیں

ایران امریکا کے حد سے زیادہ مطالبات کو قبول نہیں کرے گا، اگر امریکا آبنائے ہرمز کھلوانا چاہتا ہے تو اسے ایران کی شرائط پوری کرنا ہونگی

دمشق (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف کا کہنا ہے کہ ایران کی جانب سے امریکا کو ایک فیصلہ کن اور معقول جواب دیا جا چکا ہے، جنگ روکنے کے لیے اب فیصلہ امریکا کو کرنا ہے۔ باقر قالیباف نے کہا کہ کوئی بھی اسٹریٹجک غلط اندازہ ان کے خلاف نئے محاذ کھول دے گا، دشمن کے کسی بھی اسٹریٹجک غلط اندازے پر ایران کا ردعمل جغرافیائی حدود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ٹی سی ایل کرکٹ ٹورنامنٹ، فائنل میں دریا گلی کی ٹیم نے فتح سمیٹ لی

آخری اوور میں لگائے گئے چھکوں نے تماشائیوں سے خوب داد لی



مری (نامہ نگار خصوصی) پنجاب اور کے پی کے کی سنگم پر واقعہ دیول قلعہ گراؤنڈ میں ٹی سی ایل کے کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں ایک سخت مقابلہ کے بعد دریا گلی کی ٹیم نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیون سٹار مری کی ٹیم کو شکست سے دوچار کر دیا اس طرح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر مری کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

شہرنامہ اسلام آباد
شکایات سیل
★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آرگرقبچہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔
تو ہم سے رابطہ کریں۔
سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356